# KHYBER PAKHTUNKHWA, PUBLIC SWRVICE COMMISION

## PESHAWAR

## SUBJECT: COMPETITIVE EXAMINATION FOR THE POST OF PROVINCIAL MANAGEMENT SERVICE (BPS-17) 2013

## URDU (PAPER-I)

وقت: 3 گھنٹے　　　　حصہ اوّل　　　　کل نمبر: 100

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر جامع مضمون قلمبند کیجیے۔ 25

(i) ادب اور جمہوریت

(ii) قومی ترقی میں زبان کا کردار

(iii) تہذیبوں کے درمیان مکالمے میں ادب کی اہمیت

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے کسی دو پر مفصل نوٹ لکھیے۔ 20

(i) اردو نثر کے ارکانِ خمسہ

(ii) ترقی پسند تنقید

(iii) اُردو ادب پر اقبال کے اثرات

سوال نمبر3: موزوں عنوان کے ساتھ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے جو ایک تہائی سے زائد نہ ہو۔ 15

''تاریخی اعتبار سے بلاشبہ اکثر مذاہب ہندومت، جین مت، بدھ مت، مانویت، مجوسیت، کنفیوشیت، شنتوازم، موسویت، نصرانیت اور اسلام، مشرق ہی سے ظہور پذیر ہوئے ہیں لیکن سوال مذاہب کا نہیں بلکہ نقشِ مذہب کا ہے۔ یعنی کیا کوئی ایسی سرزمین ہے جس کے باشندے مذہبی احساس سے بیگانہ رہے ہوں، خواہ اس کی نوعیت کچھ ہو؟ قدیم سے قدیم وحشی انسانوں سے لے کر جدید سے جدید مہذب انسانوں تک مذہب کی روح کسی نہ کسی شکل میں ضرور موجود رہی ہے۔ یعنی انفس و آفاق کے باہمی ربط کا وجدان، عظیم کائناتی قوتوں کے ساتھ ربط، افرادِ بشر کا فوقانی قوتوں پر مطلق انحصار، قدرت کے پراسرار عوامل کے سامنے اطاعت وتسلیم، غیب، مافوق الفطرت پر اعتقاد، خوف، درماندگی اور بیچارگی کا احساس جو قوائے انسانی کے آزادانہ عمل میں سدِ راہ ہوں وغیرہ وغیرہ۔ مذہب کے وسیع ترین مفہوم کے مطابق ممکن نہیں کہ کوئی انسان بھی مذہب سے بیگانہ ہو''۔

﴿حصہ دوئم: دو سوالوں کے جواب لکھیے﴾

سوال نمبر4: رومانوی تحریک کے حوالے سے نمائندہ اُردو شعراء پر نوٹ لکھیے۔ 20

سوال نمبر5: کیا فورٹ ولیم کالج کو ایک ادبی تحریک کا درجہ دیا جا سکتا ہے؟ 20

سوال نمبر6: اُردو زبان کی وسعت اور ترقی میں علاقائی زبانوں کے کردار پر اپنا موقف پیش کیجیے۔ 20

سوال نمبر7: اُردو کی مزاحمتی شاعری میں فیض، جالب اور فراز کے کردار کا جائزہ لیجیے۔ 20

سوال نمبر8: اکیسویں صدی کے اہم اُردو ناولوں کا ناقدانہ جائزہ پیش کیجیے۔ 20

CS CamScanner